<u>SOT Group Q&As (From the Website)</u>

1. سوال: ہمیں کتاب اللہ کے مطابق کس کی سنت پر عمل پیرا ہونا چاہیے؟

جواب : یہ اللہ کی مراد ہے کہ وہ اپنے احکامات کو واضح طور پر بیان کرے تاکہ تم کو پچھلے لوگوں کی سنت کی رہنمائی ہو۔ براہ کرم آیت 4:26 دیکھیں۔

تبصرہ: تو کیا بزرگانِ قومِ مہدویہ سنتِ رسول اللہ ﷺ کی پیروی کرنے کے بجائے جو شریعتیں منسوخ ہو چکی ہیں انکی سنتوں کی پیروی کرتے تھے؟ کیا یہ رسول اللہ ﷺ کی شان میں گستاخی نہیں؟ کیا پہلے کے پیغمبروں کی شریعتیں واجب العمل ہیں؟ تو پھر کیا زبور، توریت وانجیل کی تلاوت اور ان کی اتباع جائز ہے؟

2. سوال: کتاب اللہ پیغام اور پیغمبران کے درمیان تعلق کو کیسے پیش کرتی ہے؟

جواب : ایک پیغام اور بہت سے میسینجر۔ پیغام کی پیروی کرنا حقیقت میں رسولوں کی پیروی کرنا ہے۔ براہ کرم آیت: 14:44 دیکھیں۔

تبصرہ: تو کیا صرف پیغام (یعنی کتاب اللہ) ہی کی پیروی جائز ہے اور پیغمبرؐ کی سنتوں کی پیروی منع ہے؟ پھر ان آیتوں کو کیا قرآن سے نکال دیا جائے گا جن میں رسول اللہ ﷺ کی اطاعت کا حکم دیا گیا ہے؟ کیا اکابرینِ اہلِ سنت والجماعت اور بزرگانِ قومِ مہدویہ کا عملِ متواتر کو چھوڑ کر بے سند خود ساختہ علماء کی تفسیر بالرائے پر عمل کیا جائے؟

3. سوال: کتاب اللہ اپنے پیغام اور پیغمبر کے لیے خطرے کو کیسے پیش کرتی ہے؟

جواب : پیغمبر خدا کے پیغام کو بگاڑنے والے دشمنوں کے پاس پہنچ ہی گئے۔ براہ کرم آیت: 17:72 دیکھیں۔

تبصرہ: نعوذ باللہ۔ کیا یہ رسول اللہ ﷺ کی شانِ اقدس میں گستاخی نہیں؟ کیا رسول اللہ ﷺ کو ایک عام آدمی سے بھی کمتر نہیں بتایا جارہا ہے؟

4. سوال: کتاب اللہ کی معانی میں شرک کیا ہے؟

جواب: کتاب اللہ کے علاوہ ہدایت لیناخدا کے برابر کار ساز لینے کے ہے۔ براہ کرم آیت 17:2 دیکھیں۔
تبصرہ: نعوذ باللہ۔ کیا رسول اللہ ﷺ کے تمام احادیث اور امامنا مہدی موعودؑ کی تمام نقلیات اور فقہائے کرام اور محدثینِ کرام کے علمی کارنامے سب گمرہی کا باعث ہیں؟

5. سوال: کتاب اللہ کے مطابق صرف کون ہدایت کر سکتا ہے؟
جواب: چاہے کتنا بھی پیغمبر چاہیں وہ بھی نہیں کر سکتے مگر صرف اور صرف اللہ ہی ہدایت دیتا ہے۔ براہ کرم آیت: 28:56 دیکھیں۔
تبصرہ: ہدایت کا دینا، دلوں کا پھیر نا یقیناً اللہ ہی کا کام ہے لیکن کیا اس کے معنی یہ نکلتے ہیں کہ اللہ کسی کے ذریعہ ہدایت نہیں دیتا؟ کیا پیغمبروں کا عمل مشعلِ راہ نہیں؟ کیا انکے مواعظِ حسنہ ہدایت کا باعث نہیں؟

6. سوال: کتاب اللہ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے کیا حکم ہے؟
جواب: صرف اس کی پیروی کرنا جو خدا کی طرف سے نازل کیا گیا ہے; براہ کرم آیت دیکھیں: 33:2۔
تبصرہ: بالکل صحیح یہ حکم نبی ﷺ کے لیئے ہے نا کہ امتیوں کے لیئے۔ کیا امتی بھی وہی دعوہ کر سکتے ہیں؟ یا پھر امتیوں پر اللہ کی اطاعت کے ساتھ، رسول اللہ ﷺ اور خلیفۃ اللہ مہدی موعودؑ کی اطاعت فرض نہیں اور خاتمینؑ کی اطاعت کا جو حکم دیں انکی اطاعت بھی؟

7. سوال: کتاب اللہ نے کس قسم کے لوگوں کے لیے ذلت آمیز اور دردناک سزا کا وعدہ کیا؟۔
جواب: وہ لوگ جو اپنا وقت Lahw-al-HADITH (بے ہودہ اور بے مطلب حدیث) میں لگاتے ہیں، تاکہ علم نہ رکھنے والوں کو اللہ کی راہ سے ہٹا کر اس (قرآن) کا مذاق اڑائیں۔ براہ کرم آیت: 6:31 دیکھیں۔
تبصرہ: معاذ اللہ۔ حدیثِ رسول اللہ ﷺ کی ایسی گستاخی کوئی کافر بھی نہیں کر سکتا۔ پہلے تو حدیث رسول ﷺ کو بے ہودہ اور بے مطلب کہا پھر اسے گمرہی کا باعث لکھا پھر اسے قرآن سے متضاد بتایا۔ اللہ کی پناہ! کیا یہی بزرگانِ قومِ مہدویہ کا عقیدہ ہے؟

8. سوال: نبیؐ کے گھر کے اندر احادیث میں ملوث صحابہؓ کو اللہ کے سخت حکم کے بارے میں کتاب اللہ نے ہماری نسل کے لیے کیا ہدایات بتائی ہے؟

جواب: کہ وہ نبیؐ کے گھر کے اندر کھانے سے پہلے یا بعد میں حدیث میں ملوث نہ ہوں، دوسری جگہوں پر سیکنڈ ہینڈ حدیث اکٹھی کرنا تو چھوڑ ہی دو۔ یہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے تکلیف دہ اور پریشان کرتا ہے۔ براہ کرم آیت دیکھیں: 33:53۔

تبصرہ: اسے مذہبی خودکشی نہیں تو اور کیا کہا جائے۔ معاذ اللہ۔ حدیث رسول اللہ ﷺ کی ایسی گستاخی تاریخِ اسلام میں کسی بدترین کافر نے بھی نہیں کی۔ (حدیث میں ملوث نہ ہوں) گویا حدیثِ رسول اللہ ﷺ اس کی نظر میں صریح گناہ ہے۔ معاذ اللہ۔ آیت میں حدیث کا لفظ باتوں میں لگے مت رہو کہنے کے لیئے آیا ہے۔ اسی لیئے شاید رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ تفسیر بالرائے کرنے والا جہنم میں اپنی جگہ ڈھونڈ لے۔

یہ لوگ عربی زبان کے بنیادی اصول سے بھی واقف نہیں اور خاتمینؑ کے اقوال کو رد کر رہے ہیں جو حقیقت میں اللہ ہی کا کلام ہے جو ان کی زباں سے جاری ہو رہا ہے۔ اللہ خود اسکی گواہی دے رہا ہے قرآن میں کہ (ہمارے رسول ﷺ اپنے خواہش سے بات بھی نہیں کرتے بجز اس وحی کے جو ہم ان کی طرف بھیجتے ہیں۔ حدیث کو سکینڈ ہینڈ تو کوئی اکفر ہی کہے۔ مثل مشہور ہے کہ بندر کے ہاتھ آئنہ آگیا ہے اب کسی کی جان محفوظ نہیں!

9. سوال: کتاب اللہ نماز میں آواز کے بارے میں کیا کہتی ہے؟

جواب : نمازیں معتدل لہجے میں پڑھی جائیں، نہ اونچی آواز میں اور نہ خاموشی سے۔ براہ کرم آیت: 17: 110 دیکھیں

تبصرہ: تمام بزرگانِ دین و خاتمینؑ کے عمل کے بر خلاف ظہر اور عصر کی فرض نمازوں میں امام جہر سے قراءت کرے، کیا یہ جائز ہے؟ کیا خاتمینؑ کے مستند عمل سے ہٹ کر عمل کرنا اس بات کے مترادف نہیں کہ خاتمینؑ نے قرآن کے احکام کو سمجھنے میں غلطی کی (نعوذ باللہ من ذالک)

10. سوال: کتاب اللہ نے کتنے مہینوں میں مومنین کو حج کی ارکان ادا کرنے اور ان کی تکمیل کی اجازت دی؟

جواب: وہ چار (4) مقدس، مسلسل اور معروف مہینے ہیں۔ براہ کرم آیات دیکھیں: 2:197، 9:36، 9:2، 9:5۔

تبصرہ: کیا حج کے مخصوص ارکان جیسے وقوفِ عرفات، منیٰ اور مزدلفہ کا قیام، طوافِ زیارہ، وغیرہ ماہِ ذالحجہ کی ۸ تا ۱۲ تاریخ کے دوران ہی کئے جا سکتے ہیں یا پھر انکے بیان کردہ چار معروف مہینوں میں سے کسی بھی مہینہ میں کبھی بھی ادا کیئے جا سکتے ہیں؟ کیا ایسی کوئی نظیر خاتمینؑ، صحابہؓ، تابعینؒ یا فقہاءؒ کے ہاں ملتی ہے؟ اگر نہیں تو کیا خاتمینؑ، صحابہؓ، تابعینؒ اور فقہاء، سب نے قرآن کے احکام کو نہیں سمجھا؟ (نعوذ باللہ من ذالک)

11. سوال: کتنے مہینے مقدس ہیں اور وہ کتاب اللہ کے مطابق بکھرے ہوئے ہیں یا متصل ہیں؟

جواب: وہ 4 ہیں اور وہ یکے بعد دیگرے ہیں اور یہ اتنا سنگین ہے کہ اللہ انہیں سیدھا مذہب کہتا ہے۔ براہ کرم آیات دیکھیں: 9:36، 9:2، 9:5، 2:197۔

تبصرہ: کیا بزرگانِ قومِ مہدویہ کے عقیدہ کے مطابق بھی یہ چار مہینے متصل ہیں؟ اگر نہیں تو پھر اس قدر سنگین معاملہ میں کیا بزرگانِ قومِ مہدویہ کے عقیدہ کے خلاف عقیدہ رکھنا جائز ہے؟ جبکہ اللہ اس بات کو سیدھا مذہب کہہ رہا ہے۔ کیا یہ بات مسلمہ نہیں ہے کہ بزرگانِ قومِ مہدویہ کے مطابق یہ چار مہینے رجب المرجب، ذی القعدہ، ذی الحج اور محرم کے مقدس اور حرمت والے مہینے ہیں؟

12. سوال: کتاب اللہ ان اولیا/فرشتوں کے بارے میں کیسے آگاہ کرتا ہے جنہیں لوگ خدا کے واسطے وسیلہ کے طور پر پکارتے ہیں؟

جواب: جن لوگوں (مقدس بزرگوں) کو وہ پکارتے ہیں وہ خود اپنے پروردگار کی مہربانی حاصل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں اور وہ کسی کی مدد کرنے کی پوزیشن میں نہیں ہیں۔

براہ کرم آیت دیکھیں:17:57۔

تبصرہ: معاذ اللہ! کیا یہ الفاظ قرآن کے صریح حکم کو رد نہیں کر رہے ہیں؟ اللہ تعالیٰ تو قرآن میں حکم دیتا ہے (اے ایمان والو اللہ سے ڈرو اور اس کے قرب کا وسیلہ تلاش کرو اور اسکے راستہ میں جہاد کرو تاکہ تم فلاح پاؤ ۵:۳۵) اور رسول اللہ ﷺ کی بیشمار احادیث ہیں جن میں رسول اللہ ﷺ نے دعاؤں میں وسیلہ کی ترغیب دی ہے تاکہ دعائیں قبول ہوں۔ کیا خود قرآن کو یہ لوگ متضاد مانتے ہیں؟ اور کیا یہ لوگ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے قرآن کے احکام کے خلاف تعلیم دی؟ دیکھیئے ان کا چلایا ہوا یہ تیر کس سمت میں جارہا ہے۔

13. سوال: صرف کونسی غذائی چیزوں کو کتاب اللہ نے حرام (ممنوع) کہا ہے؟

جواب: صرف 4 چیزیں: 1. مردار گوشت 2. خون 3. سور کا گوشت (خنزیر) 4۔ اللہ کے سوا کسی اور نام پر ذبح کیا گیا۔ براہ کرم آیت:115:16 دیکھیں۔

تبصرہ: تو کیا انکا یہ عقیدہ ہے کہ شراب حلال ہے؟ کتے کا گوشت حلال ہے؟ گدھے کا گوشت حلال ہے؟ فہرست بڑی لمبی ہے۔ اگر صرف چار چیزیں حرام ہیں تو پھر کیا ان چار چیزوں کے علاوہ سب کچھ حلال ہے؟ کیا انکا عقیدہ کفار کے عقیدہ سے زیادہ گمراہ نہ ہوا؟

کیا یہ لوگ اس بات پر بضد ہیں کہ قرآن کی آیتوں کو متضاد ثابت کر دیں؟ جبکہ اللہ سبحانہٗ و تعالیٰ کا قرآن مجید میں ارشاد ہے (اہلِ کتاب میں سے جو لوگ ایمان نہیں لاتے اللہ پر اور آخرت کے دن پر اور نہ حرام سمجھتے ہیں ان کو جن کو **اللہ اور اس کے رسول ﷺ نے حرام بتلایا ہے اور نہ** سچے دین (اسلام) کو قبول کرتے ہیں ان سے جنگ کرو یہاں تک کہ وہ ذلیل ہو کر اپنے ہاتھ سے جزیہ دیں ۹:۲۹)۔ کیا اس آیتِ قرآنی کے مطابق ان لوگوں سے جنگ کرنا فرض نہیں؟ قرآن کہتا ہے کہ رسول ﷺ جسے حرام کہیں وہ بھی حرام ہے اور یہ لوگ اسے نہیں مانتے تو کیا یہ لوگ قرآن کے حکم کے خلاف حکم نہیں دے رہے؟ کیا یہ لوگ صحیح اور قرآن غلط؟ معاذ اللہ!

14. E-Mail 25/03/2017: نہ تجارت، نہ دوستی اور نہ ہی شفاعت

جواب: اے ایمان والو ہم نے تمہیں جو دے رکھا ہے اس میں سے خرچ کرتے رہو اس سے پہلے کہ وہ دن آئے جس میں نہ تجارت ہے نہ دوستی اور شفاعت اور کافر ہی ظالم ہیں۔ براہ کرم آیت:2:254 دیکھیں۔

تبصرہ: نعوذ باللہ من ذالک! کیا رسول اللہ ﷺ شافعِ محشر نہیں ہیں؟ کیا رسول اللہ ﷺ محشر میں ہم سب عاصیوں کی سفارش نہیں کر سکتے؟ کیا قرآن میں تضاد ہے؟ جبکہ دوسری آیت میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے "اس دن کسی کی سفارش کچھ فائدہ نہ دے گی سوائے اس شخص کے جسے اللہ نے اجازت دی ہو اور اس کی بات کو پسند کیا ہو (۲۰:۱۰۹)"۔ کیا رسول اللہ ﷺ کو اللہ نے سفارش اور شفاعت کی اجازت نہیں دی؟ اور کیا ان تمام احادیث کو رد کر دیا جائے گا جن میں نہ صرف رسول اللہ ﷺ بلکہ با عمل حفاظ، شہدائے کرام کی سفارش کا وعدہ کیا گیا ہے؟ اللہ نے تو سفارش کی اجازت بھی دی اور قبولیت کے امکان کو بھی باقی رکھا۔ اس کے برخلاف کیا یہ لوگ اس کے جواز کا ہی انکار نہیں کر رہے؟

# Original Text from the Website

Q1: Whose Sunnah are we suppose to follow according to Kitabullah?

A: It's the Murad of Allah swt Himself to explain His commands clearly so as to guide you to the Sunnat of previous people.

Please see Ayah: 4:26

Q2: How does Kitabtullah portray the relationship between the message and the messengers?

A: One message and many messengers. Following the message is in reality following the messengers.

Please see Ayah: 14:44

Q3: How does Kitabtullah portray the threat to its message and messenger?

A: That the messenger almost succumbed to enemies in corrupting the divine message.

Please see Ayah: 17:72

Q4: With what does Kitabullah synonimize Shirk to?

A: Taking guidance besides Kitabullah is tantamount to taking guardian besides God.

Please see Ayah: 17:2

Q5: Who as per Kitabullah can only provide guidance?

A) As much as the Prophet would love to even he cannot but Only and only Allah swt alone guides. Please see Ayah: 28:56

Q6: What is the imperative command to the Prophet[AS] in the Kitabullah?

A: To follow only what's been sent down from His God. 33:2;

Q7: For what kind of people did Kitabullah stores humiliating and painful punishment?

A: Those who invest their time in Lahw-al-HADITH (absurd and senseless HADITH), so as to lead those without knowledge away from the Path of Allah, making mockery of it (the Qur'an). Please see Ayah: 31:6

Q8: What instruction does Kitabullah captured for our posterity about Allah's swt stern command to Companions (Sahaba) involving in Hadith inside the Prophet's[AS] home?

A: That they should not indulge in Hadith before or after meals inside the Prophet's[AS] home let alone collecting second hand hadith at other places. This also annoys and painful to the Prophet[AS]. Please see Ayah: 33:53

Q9: What does Kitabullah say about prayer (salah/namaz) tone?

A: Prayers are to be recited in moderate tone, neither loudly nor quietly.

Please see Ayah: 17:110

Q10: How many months did Kitabullah allows believers to perform and fulfill rites of Hajj pilgrimage?

A: They're four (4) sacred, consecutive and well-known months.

Please see Ayahs: 2:197, 9:36, 9:2, 9:5

Q11: How many months are sacred and are they scattered or adjoined as per Kitabullah?

A: They're 4 and they're consequtive in succession and this is so serious that Allah swt calls them the upright religion.

Please see Ayahs: 9:36, 9:2, 9:5, 2:197

Q12: How does Kitabullah informs about saints/angels whom people invoke them as mediator (Wasilah) to God?

A: Those [saintly beings] whom they invoke are themselves striving to obtain their Sustainer's favour and they're not in position to help anyone.

Please see Ayah: 17:57

Q13: How many dietary things did Kitabullah identified as Haram?

A: Only 4 things: 1. Carrion 2. Blood 3. Pork (swine) meat 4. Slaughtered invoking name other than Allah's swt.

Please see Ayah: 16:115

14: Email: dated 25/03/2017…… No Dealing, No Friendship, No Intercession!

Please see Ayah: 2:254